مسافرانِ آخرت

محمد اشرف مرحوم: مجلس احرار اسلام راولپنڈی کے صدر محترم ڈاکٹر جمال الدین محمد انور کے بڑے بھائی محترم محمد اشرف گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

ملک عطاء الرحمٰن مرحوم:- مجلس احرار اسلام ملتان کے سابق کارکن محترم ملک عطاء اللہ صاحب کے فرزند ملک عطاء الرحمٰن انتقال کر گئے۔

والدہ مرحومہ سید ممتاز علی شاہ:- ملتان سے ہمارے کرم فرما اور نقیب ختم نبوت کے قاری محترم سید ممتاز علی شاہ صاحب کی والدہ ماجدہ رحلت فرما گئیں۔

بشیر اللہ خان علیزئی مرحوم: - مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے قدیم کارکن محترم بشیر اللہ خان علیزئی گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔

حافظ محمد اسد علوی مرحوم:- مولانا سعید الرحمٰن علوی رحمہ اللہ کے بھانجے اور داماد۔ مولانا عزیز الرحمٰن خورشید کے بھانجے حافظ محمد اسد علوی ۲۴، جولائی ۱۹۹۹ء کو راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔

حکیم محمد حذیفہ صاحب کو صدمہ:

۳ اگست ۱۹۹۹ء کو مجلس احرار اسلام ملتان کے سرگرم کارکن حکیم محمد حذیفہ صاحب کی ہمشیرہ کا انتقال ہو گیا۔

جناب حسنین اختر صاحب کو صدمہ:

سلیم دواخانہ ملتان کے مالک اور حضرت حکیم محمد حنیف اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کے بھتیجے جناب حسنین اختر کی اہلیہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

اراکین ادارہ نقیب ختم نبوت تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور لواحقین و پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ اور ان کے لئے صبر کی دعاء کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے (آمین)

قارئین سے درخواست ہے کہ اپنی نمازوں کی دعاؤں میں خاص طور پر ان کے لئے مغفرت کی دعاء کریں اور ایصالِ ثواب کا اہتمام کریں۔ اس کارِ خیر پر اللہ تعالیٰ بڑا اجر عطاء فرمائیں گے۔ (انشاء اللہ)

متاعِ زیست

ممتاز شاعر محترم سید کاشف گیلانی کی حمد و نعت کا خوبصورت مجموعہ عنقریب شائع ہو رہا ہے۔

بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم ملتان ✆ : 511961